Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ______________

Sig. of Invigilator.____________

اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف ر ب ر ج ر د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) قبیلہ دوس کے کس رئیس نے حضور ﷺ کو ہجرت کے لیے اپنا قلعہ پیش کیا؟

الف۔ عبدالرحمٰن بن سعید　　ب۔ محمد بن قاسم

ج۔ طفیلؓ بن عمرو　　د۔ سعد بن وقاص

(ii) عراق سے دستیاب ہونے والی تحریریں کس کی پکی ہوئی تختیوں پر لکھی گئیں؟

الف۔ مٹی کی　　ب۔ پتھر کی

ج۔ سیمنٹ کی　　د۔ فولاد کی

(iii) رشید احمد صدیقی کے مطابق علامہ اقبالؒ کی گفتگو عام طور پر کس سے پاک ہوتی تھی؟

الف۔ استعارات سے　　ب۔ حشو و زوائد سے

ج۔ محاورات سے　　د۔ تشبیہات سے

(iv) فرحت اللہ بیگ کے خیال میں مولوی صاحب کی کون سی چیز نمائش میں رکھنے کے قابل تھی؟

الف۔ کاغذ قلم　　ب۔ شیروانی

ج۔ برتن　　د۔ چارپائی

(v) حاضرین جلسہ کی تعداد کس کے جوشِ تقریر کا پیمانہ ہوا کرتی تھی؟

الف۔ مولوی عبدالحق　　ب۔ ظفر علی خان

ج۔ سرسید احمد خاں　　د۔ علامہ اقبالؒ

(vi) نظم '' یا ایہاالمزمل '' میں شاعر کی نجوم اہتدا سے مراد کون ہیں؟

الف۔ علمائے حق　　ب۔ مشائخ عظام

ج۔ صحابہ کرام　　د۔ صوفیائے کرام

(vii) احسان دانش کے مطابق ہمارے نام پر تعمیر ہونے والی آزادی کو کون اپنی وراثت سمجھتا ہے؟

الف۔ تارکینِ وطن　　ب۔ اُمرائے سلطنت

ج۔ سلطان ابن سلطان　　د۔ غلام ابن غلام

(viii) مجید امجد کے مطابق زندگی کے تپتے جزیرے پر قدم رکھ کر ہم تک کیا پہنچا؟

الف۔ عظمتِ فطرت　　ب۔ نظام سرمایہ داری

ج۔ روایتِ لوح و قلم　　د۔ عظمتِ اسلاف

(ix) انور مسعود کے خیال میں ہر ایک عہد میں کس کا مصرع زندہ ہے؟

الف۔ فیض احمد فیض کا　　ب۔ مرزا غالب کا

ج۔ میر تقی میر کا　　د۔ احمد فراز کا

(x) اسرارالحق مجاز کے مطابق ریل گاڑی کہاں سے عہدِ ماضی کے نقوش کو مٹاتی چلی جاتی ہے؟

الف۔ کتابوں سے　　ب۔ صفحۂ دل سے

ج۔ مرغزاروں سے　　د۔ کہساروں سے

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xi) غلام ہمدانی مصحفی کے مطابق کس کے سامنے اس کا دلِ داغ دار نہ ٹھہرے گا؟

الف۔ ناوکِ مژگاں کے سامنے　　ب۔ عہدِ حاضر کے سامنے

ج۔ طاقتور دشمن کے سامنے　　د۔ شرم و حیا کے سامنے

(xii) مرزا غالب کا سالِ وفات کیا ہے؟

الف۔ 1866ء　　ب۔ 1868ء

ج۔ 1869ء　　د۔ 1870ء

(xiii) ناصر کاظمی کے خیال میں دیوار گرنے کا شور کہاں برپا ہے؟

الف۔ باہر محلے میں　　ب۔ خانۂ دل میں

ج۔ کھلیانوں میں　　د۔ کہیں بھی نہیں

(xiv) تابش دہلوی کے مطابق جُوئے شیر اور جُوئے خون کو کون جاری کرتا ہے؟

الف۔ تیشۂ فرہاد　　ب۔ جذبۂ مجنوں

ج۔ سادگیِ حسن　　د۔ سازشِ اغیار

(xv) علامہ اقبالؒ کے مطابق گُلِ لالہ کی حنا بندی کون کرتا ہے؟

الف۔ ماہر باغباں　　ب۔ بناؤ سنگھار کا ماہر

ج۔ فطرت　　د۔ موسم کی شدتیں

(xvi) قواعد کی رو سے ' تاوقتیکہ ' کون سا حرف ہے؟

الف۔ حرفِ عطف　　ب۔ حرفِ اضافت

ج۔ حرفِ علت　　د۔ حرفِ شرط

(xvii) رموز و اوقاف بنیادی طور پر ہیں:

الف۔ استعارات　　ب۔ محاورات

ج۔ علامات　　د۔ تشبیہات

(xviii) :- کس کی علامت ہے؟

الف۔ تفصیلیہ　　ب۔ سکتہ

ج۔ فجائیہ　　د۔ وقفہ

(xix) قواعد کی رو سے ' چوں کہ ' کون سا حرف ہے؟

الف۔ حرفِ شرط　　ب۔ حرفِ علت

ج۔ حرفِ اضافت　　د۔ حرفِ استفہام

(xx) ماں بیٹا بازار ________۔ فاعل اور فعل کی مطابقت کے حوالے سے جملہ مکمل کریں۔

الف۔ گئی　　ب۔ گیا

ج۔ گئیں　　د۔ گئے

برائے ممتحن:	کُل نمبر :	20	حاصل کردہ نمبر:	

اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

وقت: 2:35 گھنٹے کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) مدینہ منورہ میں نبی کریم ﷺ کی آمد پر اہلِ مدینہ کا ردِّعمل کیسا تھا؟

(ii) ' جنھوں نے رستمی اور اسفندیاری کے دعووں سے تلواریں باندھی تھیں ' سب فنا ہوگئے۔ اس جملے کی وضاحت کریں۔

(iii) علامہ اقبالؒ کے مزار کے بارے میں رشید احمد صدیقی کا کیا خیال تھا؟

(یا)

' میرے دل کو اجاڑ دینے کے بعد میرے جسم کو بھی ویران کرڈالنے کا آرزومند ہے۔' شہنشاہ اکبر کے اس جملے کی وضاحت کریں۔

(iv) دوسروں کی توفیق اور ہماری بے توفیقی میں کیا فرق ہے؟ (بحوالہ۔انور مسعود)

(v) اسرار الحق مجاز کے مطابق ریل گاڑی، ارتقائے زندگی کے راز کس طرح بتلاتی ہے؟

(vi) احسان دانش نے اپنی نظم میں کس بات پر تحیّر کا اظہار کیا ہے؟

(یا)

ظفر علی خاں کے مطابق لوگ خدا کی جستجو کہاں کہاں کرتے ہیں اور حقیقت میں خدا کا مقام کہاں ہے؟

(vii) غلام ہمدانی مصحفی نے بادِ نسیم کو کیا مشورہ دیا ہے اور کیوں؟

(viii) شاملِ نصاب مرزا غالب کی پہلی غزل کے حوالے سے بتایئے کہ کون سی خوبیاں ہونے کے باوجود غالب کے ولی ہونے میں کیا خامی رہ گئی؟

(ix) اقبالؒ کے مطابق شاہین کے لیے کون سا کام باعثِ ذِلت ہے اور کیوں؟

(یا)

تابش دہلوی کے مطابق زمین بوسی کی کوشش چرخِ بے بنیاد کیوں کرتا ہے؟

(x) حروفِ علت کی تعریف لکھیں۔کوئی سے دو حروفِ علت کو جملوں میں استعمال کرکے وضاحت کریں۔

(xi) سکنا، ڈالنا، لینا کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کریں۔

(یا)

علامتِ وقفہ کی تعریف لکھیں اور مثال بھی دیں۔

(xii) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کیجیے:

الف۔ احمد نے بازار سے 'کلیاتِ اقبال' خریدے۔

ب۔ سیلاب سے اس کا مکان، دکانیں، ہوٹل سب کچھ گر گئے۔

ج۔ ماں باپ، بہن بھائی، کوئی ساتھ نہ جائے گی۔

سوال نمبر۳۔ اپنے چچا جان کے نام خط لکھ کر انھیں شہر میں ہونے والی درختوں کی کٹائی سے ماحولیاتی آلودگی کے بڑھتے ہوئے خدشات سے آگاہ کیجیے۔ (8)

(یا)

ایک پرانی کرسی کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

حصہ سوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۴۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ دوسرے دن صبح ہوتے ہی خبردار نے خبر دی کہ دشمن نے اپنے دریائے لشکر کو جنبش دی ہے۔ بابر شیر ببر کی طرح انگڑائی لے کر بستر سے اٹھا، ہتھیار سجے اور فوج کو مرتب کر کے سامنے کیا۔ توپیں تو جہاں کھڑی تھیں، وہاں سے ہل ہی نہ سکتی تھیں، بے دھڑکا نے گولے مارنے شروع کر دیے اور ترکان تاتاری نے دائیں بائیں سے گھیر کر زور دیا۔

ب۔ لوگوں کو یہ سن کر تعجب ہوتا ہے کہ فیضی چتوڑ کے محاصرہ کے زمانے میں پہلی مرتبہ اکبر کے سامنے پیش ہوا تو پچاس ساٹھ شعر کا قصیدہ ارتجالاً کہہ ڈالا۔ لیکن ہم نے ایسے معرکے بارہا دیکھے ہیں کہ باتوں باتوں میں پندرہ بیس شعر ہو گئے۔ ادھر حقہ کی نے منہ میں آئی۔ اودھر انگوٹھا انگشت شہادت پر پہنچا۔ پیشانی پر بل پڑے۔ دھواں ہوا میں منتشر ہوا اور کھٹ سے شعر سامنے آ گیا۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+4=6)

الف۔ جب یہ صورت تھی تو ممکن تھا کہ اک برقِ بلا
دستِ سیمیں کو بڑھاتی اور میں کہتا دُور باش
دونوں جانب تھا رگوں میں جوشِ خونِ فتنہ زا
دل ہی تھا آخر نہیں تھی برف کی یہ کوئی قاش

ب۔ اپنے مرکز سے نہ چل منہ پھیر کر بہرِ خدا
بھولتا ہے کوئی اپنی انتہا اور ابتدا
یاد ہے وہ دَور بھی تجھ کو کہ جب تو خاک تھا
کس نے اپنی سانس سے تجھ کو مُنوّر کر دیا

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔ مِٹ جائیں ایک آن میں کثرت نمائیاں
ہم آئینے کے سامنے جب آ کے ھُو کریں

ب۔ حجاب اکسیر ہے آوارۂ کوئے محبت کو
مری آتش کو بھڑکاتی ہے تیری دیر پیوندی

ج۔ سو گئے لوگ اس حویلی کے
ایک کھڑکی مگر کُھلی ہے ابھی

د۔ اے عشق کاروانِ دو عالم بچھڑ گئے
اے خضرِ راہ یہ تو کوئی رہبری نہیں

ہ۔ دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کام نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گُہر ہونے تک

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (15)

الف۔ قومی ترقی میں نوجوان نسل کا کردار
ب۔ جذبہ حب الوطنی۔ وقت کی اہم ضرورت
ج۔ وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ
د۔ شہری اور دیہاتی زندگی